گولڈن فلمز کا

وانٹیڈ

اداکاران

سعیدہ خاں ۔ جانی واکر ۔ نذیر حسین ۔ وجے کمار

قیمت ۱ر

زینت اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

دِ انٹلیڈ کے گانے

گانا نمبر ۱

آئی زندگی کی رات چھوڑ دو کل پہ کل کی بات
ناچو جھوم جھوم کے، ناچو جھوم جھوم کے
قدم قدم پر شوخیاں نظر نظر حجاب ہے
نئی نئی امنگ ہے، نیا نیا شباب ہے
آج حسن و عشق کا یہ کیا حسین ساتھ ہے
ناچو جھوم جھوم ———
ادا ادا میں مستیاں ترنگ رنگ رنگ میں
رنگے ہوئے ہیں دل سبھی مجنوں کے رنگ میں

گانا نمبر ۲: میں نے بھی حسن کی نظروں میں جگہ پائی ہے
تم ملے ہو تو محبت پہ بہار آئی ہے
میرے سینے پہ ذرا ہاتھ تو رکھ کر دیکھو
دل کی دھڑکن یہ نہیں پیار کی شہنائی ہے
یہ حسین روپ یہ زلفوں کے نشیلے سائے
جیسے بھرپور قیامت پہ شباب آ جائے
رخ سے پردے کو ذرا دیر ہٹا رہنے دو
تم کو دیکھے گا وہی جس کی قضا آئی ہے
میرے سینے پہ
دل تو کیا جان بھی میں تم پہ لٹا سکتا ہوں
زندگی موت کے پردے میں چھپا سکتا ہوں
غم دو کہ خوشی اب ہے تمہاری مرضی

کیا نے تو عشق میں مرنے کی قسم کھائی ہے
میرے سینے پہ ـــــ

عشق کی راہ میں ساحل بھی ہیں طوفان بھی ہیں
اس میں عزت بھی ہے، رسوائی کے ساماں بھی ہیں
میری جاں دنیا کے ڈر سے نہ بدل جانا تم
کیونکہ اب مل کے نہ ملنے میں بھی رسوائی ہے
میرے سینے پہ ـــــ

گانا نمبر ۳ لڑکے

نگاہ شوق سے کہہ دو ہمیں سلام کرے
ہمارے عشق کی دنیا کا احترام کرے
نگاہ شوق

لڑکیاں :ـ نگاہ شوق سے کہہ دو ہمیں سلام کرے
ادب کے ساتھ ذرا حسن سے کلام کرے
نگاہ شوق ـــ

لڑکے :ـ شوخی بھری نظروں کو حیا ہم نے سکھائی
معصوم اداؤں کو جفا ہم نے سکھائی
یہ ناز یہ انداز یہ غمزہ یہ تبسم
جو بات سکھائی بخدا ہم نے سکھائی
ہمیں نے تم کو گذارا ہے دل کی راہوں سے
جو ہم نہ دیکھیں محبت بھری نگاہوں سے
تو کون دنیا میں اونچا تمہارا نام کرے
نگاہ شوق ـ

لڑکیاں :ـ اٹھاتے ہیں قیامت چھیڑ کر ہم دل کے تاروں کو
سکون دل بھی ملتا ہے ہمیں سے بیقراروں کو

ہماری کچھ نہ پوچھو ہم ہیں مالک اپنی مرضی کے
بنا تے ہیں ہزاروں کو مٹا تے ہیں ہزاروں کو
ہمارے دم سے ہی دنیا کے عشق ہیں قائم
جو ہم ادا کو نہ ٹانکیں تو لوٹ لے ظالم
جو ہم نظر کو نہ روکیں تو قتلِ عام کریں ۔ نگاہِ شوق ۔
لڑکے :۔ نگاہِ عشق نہ کرتی جو انتخاب تمہیں
تو کون کہتا زمانے میں لاجواب تمہیں
تم اپنی ضد میں ہمارے کرم کو مت بھولو
دیا ہے ہم نے ہی یہ حسن یہ شباب تمہیں
ملی ہے ہم سے ہی قاتل ادا حسینوں کو
دعائیں دیجئے ہمارے دھڑکتے سینوں کو
جو ہم نہ ہوں تو محبت کہاں قائم کرے ۔ نگاہِ شوق ۔
لڑکیاں :۔ یہ دنیا میں کیسے عشق والے ہیں خدا جانے
بھلا بیٹھے ہیں جو دل سے وفاداری کے افسانے
نظر آتا ہے کم جوشِ محبت جاں نثاروں میں
کہ اب جلنے نہیں بے ہوش ہو جاتے ہیں پروانے
وہ کون ہے کہ جسے ناز ہے محبت پر
ہماری بزم میں ملتی ہے زندگی مٹ کر
جو جینا چاہے وہ مرنے کا انتظام کرے ۔ نگاہِ ۔
گانا نمبر ۲ :۔ رات بھر گردش میں ساقی آج پیمانہ رہے
صبح تک شاید نہ پھر یہ رنگ میخانہ رہے ۔ رات بھر ۔

آہی جائیگی حقیقت ایک نہ ایک دن سامنے
دیکھئے پردے ہیں کب تک دِل کا افسانہ رہے۔ رات بھر..
شمع کی محفل ہے یہ اس میں نظر والے بھی ہیں
ہے ناممکن کہ چھپ کر کوئی پروانہ رہے۔ رات بھر..
گانا نمبر۶:۔ میری چھوٹی سی دُنیا بسی رہے رام
میرے گھر میں نہ آئے کبھی غم کا نام ۔ میری چھوٹی..
میری چھوٹی بھلی من کی ڈالی رہے
میری بگیا نہ پھولوں سے خالی رہے
رہے جیون کو میرے بہاروں سے کام ۔ میری چھوٹی..
جگمگاتا رہے میرے دِل کا جہاں
بائے انگنا میں خوشیوں کی شہنائیاں
دن ہولی ہے میرا دیوالی ہو شام ۔ میری چھوٹی...
میں سہاگن ہمیشہ رہوں دُکھ سے دُور
یوں ہی ماتھے پہ چمکے خوشی کا سندور
جگ بچھڑے نہ بچھڑے کبھی میرے شام ۔ میری چھوٹی..
گانا نمبر۷:۔ جو دِل پہ گزرتے ہیں وہ غم یاد رہیں گے
اے دُنیا ہمیں تیرے ستم یاد رہیں گے
اپنا تو حال یہ ہے جہانِ خراب میں
دم جیسے کوئی توڑ رہا ہو شباب میں
دِل نے خوشی کا خواب دیکھا یا تھا ایک دِن
قسمت نے غم دیا ہے اسی کے جواب میں ۔ اپنا تو ـــــ

گانا نمبر ۵

جو دل پہ گذرے ہیں وہ غم یاد رہیں گے
اے دنیا ہمیں تیرے ستم یاد رہیں گے
اپنا تو حال ہے جہاں خراب میں
دم جیسے کوئی توڑ رہا ہو شباب میں
دل نے خوشی کا خواب دیکھا تھا ایک دن
قسمت نے غم دیا ہے اسی کے جواب میں
اپنا تو حال ——
آہیں لبوں پہ آنکھ میں آنسو اداس دل
اس زندگی نے ڈال دیا کس عذاب میں
اپنا تو حال ——

گانا نمبر ۶

کہیں سگتی کی باتیں ہیں کہیں شادی کا چرچا ہے
مگر اندر ہی اندر سے ہمارا دل یہ کہتا ہے
کیا

ہم بھی کاش کنوارے ہوتے
ہم بھی کاش کنوارے ہوتے
دنیا بھر میں جتنے حسین ہیں
سب کی نظر میں پیارے ہوتے —— ہم بھی کاش ——
ہمیں بھی حسن والوں کی ہزاروں چھٹیاں آتیں
کئی فوٹو بھی آتے ساتھ اُن کے عرضیاں آتیں
کوئی لکھتا میرے پیارے مجھے تم سے محبت ہے
کوئی لکھتا مجھے تم جیسے شوہر کی ضرورت ہے
کوئی لکھتا تیری مدبھری آنکھیں نشیلی ہیں

کوئی لکھتا کہ زلفیں میری لیے ہیں گرہیں
کوئی افسانہ لکھتا عاشقی کی پہلی منزل کا
تو کوئی بھیجتا کاغذ پہ نقشہ کھینچ کر دل کا
غرض کہ کیسی کیسی بہاریں آتیں
کیسے کیسے نظارے ہوتے — ہم بھی کاش —
ہوئی ہے جب سے شادی پڑ گئے ہیں ہم تو مشکل ہیں
کہیں کس سے تڑپتی ہیں ہزاروں حسرتیں دل میں
محبت کا کوئی نغمہ زباں پر لا نہیں سکتے
کسی رنگین محفل میں اکیلے ہم جا نہیں سکتے
کسی کے حسن کی تعریف بھی ہم کر نہیں سکتے
کسی دل پھینک شاعر کی غزل بھی پڑھ نہیں سکتے
کسی کو آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی اب قیامت ہے
خبر ہو جائے بیوی کو تو پھر سمجھو حجامت ہے
ہائے ہائے گھر میں نہ ہوتی بیوی تو یارو
ہم بھی کہیں دل ہارے ہوتے — کاش —
آ گئی

ہمیں بیوی ملی ہے بڑی بیاری
جوانی قسم اس کا جواب نہیں
سیدھی ہے بیباک ہے لاکھوں میں ایک ہے
اس کی صورت پہ ہیں نو داری

جوانی قسم اس کا جواب نہیں
ہمیں بھی —

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور میکینک

دستکاری اور
مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-
ورکشاپ گائڈ	4/-/-	مکمل فوٹو گرافی	2/8/-
موٹر گائڈ	4/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	خوبصورت زیور	1/8/-
گھڑی سازی	2/8/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
ریڈیو گائڈ	4/-/-	باورچی خانہ	2/8/-
صابون سازی	1/8/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
دستکاریاں دیہی	6/-/-	ٹریکٹر گائڈ	4/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	مستری پیمائش چوب	1/4/-
خراد شکشا	3/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
آئیل انجن گائڈ	4/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-
مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/-	صنعت و حرفت کے قیمتی راز	3/-/-
تمباکو کی دکان	2/-/-	،، ،، خفیہ راز	3/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
سینما مشین آپریٹر	4/-/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی